سوال

(657) تشہد میں کس طرح سے بیٹھا جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تشہد میں کس طرح سے بیٹھا جاتا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دوسرے سجدہ کے بعد اُٹھ کر بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھ جانا چاہیے، اور دایاں پاؤں کھڑا رکھا جائے، اور دائیں ہاتھ کو اپنے دائیں گھٹنے پر رکھیں، اور بائیں ہاتھ کو اپنے بائیں گھٹنے پر۔ صحیح مسلم، بَابُ صِفَةِ الْجُلُوسِ فِي الصَّلَاةِ، وَكَيْفِيَّةِ وَضْعِ الْيَدَيْنِ عَلَى الْفَخِذَيْنِ، رقم: ۵۷۹

ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے، کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ سجدہ ہوتا جس کے بعد سلام ہے تو اپنا بایاں پاؤں (دائیں طرف) نکالتے اور اپنی بائیں جانب کولہے پر بیٹھتے۔ سنن أبي داؤد، بَابُ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ، رقم: ۷۳۰

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 566

محدث فتویٰ